حالت حیض ونفاس میں تفسیر کی کتاب پکڑنا

مجیب: مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-310

تاریخ اجراء: 03 جُمادَی الاُولٰی 1443ھ /08 دسمبر 2021ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

عورت مخصوص ایام میں تفسیر کی کتاب پکڑ سکتی ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اس میں درج ذیل وضاحت ہے:

(الف) تفسیر کی ایسی کتابیں جن میں تفسیر کی عبارت زیادہ ہوتی ہے، جس وجہ سے ان پر قرآن پاک کا اطلاق نہیں کیا جاتا، اور انھیں چھونے کو قرآن چھونا نہیں کہا جاتا، جیسے تفسیرِ صاوی، تفسیرِ جمل اور تفسیرِ نعیمی تفسیر صراط الجنان وغیرہ۔ایسی تفاسیر بے وضو اور حیض ونفاس والی عورت کے لیے پکڑنا چھونا، جائز ہے، لیکن مکروہ ہے۔ہاں بغیر طہارت ان کتب میں اس بات کا خیال رکھا جائے کہ جہاں پر قرآن پاک کی آیت، لفظ یا کسی بھی زبان میں اس کا ترجمہ ہو اسے نہ چھوئیں کہ وہاں بغیر طہارت ہاتھ لگانا حرام ہے۔نیز ان میں جن صفحات پر صرف قرآن پاک لکھا ہو، انھیں بغیر طہارت کہیں سے بھی نہ چھوئیں، حتی کہ خالی جگہ پر بھی ہاتھ لگانا جائز نہیں کہ وہ خالی جگہ بھی قرآن کے تابع ہے۔البتہ جن صفحات میں قرآن کی آیات ضمناً لکھی ہوں اور دیگر تحریر (تفسیر و حواشی) زیادہ ہو، ان میں قرآن کی آیت و ترجمہ کی جگہ کو چھوڑ کر بقیہ صفحے کو ہاتھ لگا سکتے ہیں۔

(ب) ایسی تفاسیر جو قرآن پاک کی تابع ہوتی ہیں اور انھیں مصحف یعنی قرآن پاک ہی کہا جاتا ہے۔تفسیر یا اور کوئی نام نہیں رکھا جاتا، جیسے بغیر حاشیے والی جلالین، خزائن العرفان و نور العرفان وغیرہ میں، تو ایسی تفاسیر کو چھونے کا حکم عام تفسیروں والا نہیں بلکہ مثلِ قرآن ہے۔لہذا بے وضو یا حیض ونفاس والی عورت، چاہے معلمہ ہو یا طالبہ، اسے ایسی تفاسیر کا چھونا، ناجائز ہے، چاہے وہ خالی جگہ ہو۔حتی کہ اس کی جلد اور چولی کو چھونا بھی حرام ہے۔البتہ ایسی تفسیر اگر غلاف، جزدان یا بیگ میں ہو تو ایسے غلاف، جزدان اور بیگ کو ہاتھ لگا سکتے ہیں۔نیز رومال وغیرہ

کسی ایسے کپڑے کے ساتھ بھی چھوسکتے ہیں،جو اپنا تابع نہ ہویعنی اس کپڑے کوپہنایااوڑھا ہوانہ ہو،نہ ہی اس کا کوئی کوناوغیرہ کندھوں پرپڑاہو۔اور نہ ہی مصحف کا تابع ہو۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net